SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**May 27, 2017**
***A joint release of the SECP and SBP***

**مالیاتی استحکام یقینی بنانے کے لئے ایس ای سی پی اور سٹیٹ بینک کے مابین مفاہمتی یاداشت پر دستخط**

اسلام آباد(17 مئی ) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان اور سٹیٹ بینک کے مابین مفاہمت کی یاداشت پر دستخط کئے گئے ہیں۔اس مفاہمتی یاداشت کا مقصد مالیاتی نظام سے منسلک نظامی خطرات سے نمٹنے کے لئے بین الاقامی معیارات کے مطابق کونسل آف ریگولیٹرز کا قیام ہے۔_ مفاہمتی یاداشت پر جمعہ کے روز ایس ای سی پی کے صدر دفتر میں منعقد ہونے والی تقریب میں ایس ای سی پی کے چیئرمین جناب ظفر حجازی اور سٹیٹ بینک کے قائم مقام گورنر ریاض ریاض الدین نے دستخط کئے۔

اس مفاہمتی یاداشت کے تحت قائم ہونے والی مجوزہ کونسل نظامی خطرات خاص طور پر کراس مارکیٹ اور مالیاتی نظام کے استحکام سے منسلک خطرات کے بارے میں غور وخوص کرنے کے لئے ایک پلیٹ فارم مہیا کرے گی۔ یہ کونسل مالیاتی نظام کو کسی بھی طرح کے خطرات سے محفوظ رکھنے اور کسی بھی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کے لئے تجاویز اور سفارشات تیار کرے گی۔ مجوزہ کونسل سٹیٹ بینک کے گورنر، ڈپٹی گورنر، ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور ایس ای سی پی کے چیئرمین، متعلقہ کمشنر اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر پر مشتمل ہو گی۔

کونسل کا قیام بین الاقوامی عالمی تجربات اور معیارت کے عین مطابق ہے۔ عالمی مالیاتی بحران کے بعد سے مالیاتی نظام کا استحکام، مرکزی بینک، مالیاتی ریگولیٹر اور حکومت کی بنیادی ذمہ داری تصور کی جاتی ہے۔ عالمی حالات کے تناظر میں مالیاتی نظام کا استحکام یقینی بنانے کے لئے ایس ای سی پی اور سٹیٹ بینک نے نظامی خطرات سے نمٹنے کے لئے تعاون پر اتفاق کیا ہے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے ویژن **2020** میں مالیاتی استحکام کو بنیادی اہمیت دی گئی ہے۔اسی طرح ایس ای سی پی ایکٹ **1997** کے تحت مالیاتی سسٹم کو نظامی خطرات سے محفوظ رکھنا اور ہنگامی صورت حال سے نمٹنا ایس ای سی پی کی ذمہ داری ہے۔اس کونسل کا قیام دونوں اداروں کو اپنی بنیادی فرائض کی ادائیگی میں سہولت فراہم کرے گا اور دونوں اداروں کی قریبی معاونت سے مالیاتی نظام کو مزید مستحکم و محفوظ بنایا جائے گا۔اس کونسل کے قیام سے پاکستان کا مالیاتی رسک مینجمنٹ کا نظام ترقی یافتہ ممالک میں رائج طریقوں کے مطابق ہو جائے گا اور نظام کو مزید مستحکم بنائے گا۔